
ایمانیات، عبادات، سیرت، اذکار، دعاؤں، سُنّتوں اور آداب پر مشتمل

# اسلامیات


کے جی



سلسلہ راہِ اسلام

# اسلامیات

## کے جی



سلسلہ راہِ اسلام

نام ____________ ولدیت ____________ فون ____________

جماعت ________ سیکشن ________ ایڈمیشن آئی۔ڈی ________ جی۔آر نمبر ________ رول نمبر ________

اسکول ____________________________

Dar-ul-Madinah International University Press

جملہ حقوق محفوظ ہیں۔

دارالمدینہ انٹرنیشنل یونیورسٹی پریس کی پیشگی تحریری اجازت کے بغیر اس اشاعت کے کسی بھی حصّے کی نقل، ترجمہ یا کسی بھی طریقے سے محفوظ کرنے کی اجازت نہیں۔

**پبلشر**

دارالمدینہ انٹرنیشنل یونیورسٹی پریس

پہلی اشاعت: ۲۰۲۰

پروڈکٹ آئی ڈی: 9789696910300

**تیاری و پیش کش**

شعبۂ اسلامیات

دارالمدینہ انٹرنیشنل یونیورسٹی پریس

ای میل: curriculum@darulmadinah.net

تصدیق کی جاتی ہے کہ کتاب ”اسلامیات ( کے جی ) ، سلسلہ راہِ اسلام“ مطبوعہ دارالمدینہ انٹرنیشنل یونیورسٹی پریس پر شعبۂ تفتیش و شریعہ (دارالمدینہ) کی جانب سے نظرِ ثانی کی گئی ہے۔ اس کتاب کو عقائد، کفریہ عبارات، اخلاقیات اور فقہی مسائل وغیرہ کے حوالے سے مقدور بھر ملاحظہ کر لیا گیا ہے، البتہ کمپوزنگ یا کتابت کی غلطیوں کا ذمہ شعبۂ تفتیش و شریعہ پر نہیں۔

تاریخ: ۲۳ اکتوبر ۲۰۱۹

شعبۂ تفتیش و شریعہ (دارالمدینہ)

مزید معلومات اور آن لائن کتب کی خریداری کے لیے ہماری ویب سائٹ وزٹ کیجیے۔

www.dmiup.com

# پیش لفظ

اسلام ہی اللہ پاک کا پسندیدہ دین ہے۔اب قیامت تک آنے والے تمام انسانوں کی دنیاو آخرت کی کامیابی اسی دین کے بتائے ہوئے راستے پر چلنے میں ہے۔یہ دین انسانوں کو اُن کی زندگی کا مقصد بتاتا ہے اور اُنھیں دُنیا میں رہتے ہوئے اپنے خالق کی طرف متوجہ ہو کر اُس کی عبادت کرنے کا طریقہ سکھاتا ہے۔اس دین کا علم سیکھنا ہر مُسلمان پر فرض ہے۔بچّوں کو اس دین کا علم سکھانا اور اس کے مطابق اُن کی تربیت کرنا والدین، اساتذہ اور تعلیمی اداروں کی اولین ذمّہ داری ہے۔دارالمدینہ انٹرنیشنل یونیورسٹی پریس نے اس ذمّہ داری کو پورا کرنے میں والدین اساتذہ اور تعلیمی اداروں کی معاونت کرتے ہوئے بچّوں کو اسلام کی باتیں بتانے اور اُن کی دینی واخلاقی تربیت کے لیے اسلامیات کی درسی کُتب کا ایک سلسلہ بنام "راہِ اسلام" شائع کیا ہے۔اس سلسلے کو مروّجہ نظامِ تعلیم کے مطابق تین حصّوں میں تقسیم کیا گیا ہے، جس میں سے پہلا حصّہ پری پرائمری کے لیے، دوسرا حصّہ پرائمری کے لیے اور تیسرا حصّہ سیکنڈری کے لیے ہے۔

اسلامیات کی زیرِ نظر کتاب "سلسلہ راہِ اسلام" کے پہلے حصّے کی ایک کڑی ہے۔اس کتاب میں بچّوں کی ذہنی سطح اور سیکھنے کی استعداد کو ملحوظ رکھتے ہوئے، اسلامی عقائد و نظریات اور عبادات و اخلاقیات سے متعلق مضامین شامل کیے گئے ہیں۔اس کتاب کی تدوین میں علمائے کرام اور ماہرینِ نصاب کی مشاورت کے ساتھ مندرجہ ذیل اُمور کا خاص خیال رکھا گیا ہے:

- اس کتاب کو تیار کرتے ہوئے اس بات کا خیال رکھا گیا ہے کہ اس کے ذریعے طلبہ کو دینِ اسلام کی وہ معلومات فراہم کی جائیں، جو اُنھیں دینِ اسلام کی ضروری باتیں سکھانے کے ساتھ ساتھ اُن کے دل میں دین کی محبّت پیدا کرنے اور اُنھیں بااخلاق مُسلمان بنانے میں معاون ثابت ہوں۔
- بچّوں کی ذہنی سطح کو ملحوظ رکھتے ہوئے اسباق میں مختصر اور آسان جملے استعمال کیے گئے ہیں۔
- دورانِ تدریس تصاویر (visuals) کا استعمال انتہائی مفید ہوتا ہے۔بچّے جن چیزوں کو دیکھتے ہیں، وہ اُنھیں دیر تک یاد رہتی ہیں، نیز تصاویر بچّوں کو سمجھانے میں اساتذہ کی معاون بھی ہوتی ہیں۔بالخصوص عبادات واخلاقیات کے باب میں تصاویر کے ذریعے بچّے عملی طریقہ باآسانی سیکھ لیتے ہیں۔ان فوائد کے پیشِ نظر کتاب میں مختلف خوش نما تصاویر (visuals) شامل کی گئی ہیں۔
- اساتذۂ کرام کی آسانی کے لیے ہر سبق کے آغاز میں حاصلاتِ تعلم (SLOs) اور مجوزہ سرگرمیاں دی گئی ہیں، نیز حاصلات تعلم (SLOs) کے مطابق بچّوں کی تفہیم کی جانچ کے لیے مختلف دلچسپ تخلیقی مشقیں بھی شامل کی گئی ہیں۔

دارالمدینہ انٹرنیشنل یونیورسٹی پریس کے شعبۂ اسلامیات (پری پرائمری) نے اس کتاب کو مؤثر بنانے میں حتّی المقدور کوششیں کی ہیں تاہم حسنِ نیّت کے ساتھ کی جانے والی کوششوں کے باوجود اغلاط سے پاک ہونے کا دعویٰ نہیں کیا جاسکتا۔والدین اساتذۂ کرام اور دیگر قارئین سے گزارش ہے کہ کتاب میں کسی بھی قسم کی غلطی پائیں تو تحریری صورت میں اس کی نشان دہی ضرور فرمائیں۔اللہ پاک سے دُعا ہے کہ وہ اس کتاب کو طلبہ کے لیے بالخصوص اور دیگر قارئین کے لیے بالعموم اسلامی تعلیمات حاصل کرنے کا ذریعہ بنائے۔

اٰمین بجاہِ النّبی الامین صلَّی اللہ علیہ وسلَّم
شعبۂ اسلامیات
دارالمدینہ انٹرنیشنل یونیورسٹی پریس

# فہرست


| نمبر شمار | مضامین | صفحہ نمبر |
| --- | --- | --- |
| ۱ | سب کا مالک | ۱ - ۸ |
| ۲ | انبیائے کرام عَلَیْہِمُ السَّلَام | ۹ - ۱۴ |
| ۳ | آسمانی کتابیں | ۱۵ - ۱۸ |
| ۴ | عید میلادُ النَّبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم | ۱۹ - ۲۸ |
| ۵ | سچ بولنا | ۲۹ - ۳۶ |
| ۶ | دُرود شریف | ۳۷ - ۴۲ |
| ۷ | وُضو | ۴۳ - ۴۸ |
| ۸ | گھر میں آنے جانے کے آداب | ۴۹ - ۵۴ |
| ۹ | اذکار و دُعائیں | ۵۵ - ۶۰ |

# سب کا مالک

## حاصلاتِ تعلّم

یہ سبق پڑھنے کے بعد بچّے:

- بتا سکیں گے کہ اللہ ایک ہے۔
- بتا سکیں گے کہ اللہ پاک نے سب کو پیدا کیا ہے۔
- بتا سکیں گے کہ اللہ پاک سب کو کھلاتا اور پلاتا ہے۔
- بتا سکیں گے کہ اللہ پاک سب کا مالک ہے۔
- اچھّی چیز دیکھ کر مَاشَآءَاللّٰہ اور کھانے پینے کے بعد اَلْحَمْدُ لِلّٰہ کہنے لگیں گے۔

## سرگرمی

- اساتذہ اور والدین وقتاً فوقتاً بچّوں سے اچھّی چیز دیکھنے پر مَاشَآءَاللّٰہ اور کھانے پینے کے بعد اَلْحَمْدُ لِلّٰہ پڑھوائیں۔
- اساتذہ اور والدین بچّوں کو ارد گرد کے مناظر (مثلاً پودوں کا اُگنا، درختوں میں پھل لگنا، چاند سے روشنی نکلنا، ستاروں کا چمکنا) دکھا کر اللہ پاک کے مالک ہونے کا تصوّر مضبوط کروائیں۔

اللہ **ایک** ہے۔




# اللہ پاک نے سب کو پیدا کیا ہے۔



# اللہ پاک سب کو کھلاتا اور پلاتا ہے۔







# اللہ پاک سب کا مالک ہے۔









## ذہانت کا امتحان

سوال: سب کو کس نے پیدا کیا ہے؟

جواب: اللہ پاک نے سب کو پیدا کیا ہے۔

سوال: سب کو کون کھلاتا اور پلاتا ہے؟

جواب: اللہ پاک سب کو کھلاتا اور پلاتا ہے۔

سوال: انسانوں کا مالک کون ہے؟

جواب: اللہ پاک انسانوں کا مالک ہے۔

سوال: جانوروں کا مالک کون ہے؟

جواب: اللہ پاک جانوروں کا مالک ہے۔

سوال: دریاؤں اور پہاڑوں کا مالک کون ہے؟

جواب: اللہ پاک دریاؤں اور پہاڑوں کا مالک ہے۔


سوال: سب کا مالک کون ہے؟

جواب: اللہ پاک سب کا مالک ہے۔

پنسل پھیریے۔

اللہ ایک ہے

سوال: بتائیے ان بچّوں کو کیا کہنا چاہیے؟



# آسمانی کتابیں

## حاصلاتِ تعلّم

یہ سبق پڑھنے کے بعد بچّے:

- آسمانی کتابوں کے بارے میں بتا سکیں گے۔
- چار مشہور آسمانی کتابوں کے نام بتا سکیں گے۔
- قرآن مجید کے بارے میں اہم باتیں بتا سکیں گے۔

## سرگرمی

- اساتذہ بچّوں سے مشہور آسمانی کتابوں کے نام وقتاً فوقتاً سنتے رہیں۔

اللہ پاک نے اپنے نبیوں پر کتابیں نازل فرمائیں۔ اللہ پاک کی کتابوں کو آسمانی کتابیں کہتے ہیں۔

## مشہور آسمانی کتابیں

- تورات
- زبور
- انجیل
- قرآن پاک

قرآن پاک آخری آسمانی کتاب ہے۔ قرآن پاک ہمارے پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم پر نازل ہوا۔ مسلمان قرآن پاک کی تلاوت کرتے ہیں۔



## ذہانت کا امتحان

**سوال :** مشہور آسمانی کتابیں کتنی ہیں؟

**جواب:** مشہور آسمانی کتابیں **چار** ہیں۔

**سوال :** مشہور آسمانی کتابوں کے نام سنائیے؟

**جواب:** **توریت، زبور، انجیل، قرآن پاک**۔


**سوال :** آخری آسمانی کتاب کون سی ہے؟

**جواب:** آخری آسمانی کتاب **قرآن پاک** ہے۔

**سوال :** قرآن پاک کس نبی پر نازل ہوا؟

**جواب:** قرآن پاک **ہمارے پیارے نبی** صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّم پر نازل ہوا۔

**سوال :** رنگ بھریے۔



## سلسلہ راہِ اسلام (پری پرائمری)

چھوٹے بچّے پھول کی مانند ہوتے ہیں۔ اُن کی دیکھ بھال بھی پھولوں کی طرح ہونی چاہیے۔ بچّوں کی تعلیم و تربیت میں اُن کی ذہنی استعداد اور مزاج کا خیال رکھنا چاہیے۔ اسلامیات کی زیرِ نظر کتاب سلسلہ راہِ اسلام (پری پرائمری) کا ایک حصّہ ہے، جو اسی سوچ کا نتیجہ ہے۔ اس سلسلے میں حقیقی اسلامی تعلیمات کو بچّوں کی نفسیات کے مطابق دلچسپ بنا کر پیش کیا گیا ہے۔ جاذبِ نظر طباعت، بامقصد تصاویر، جامع و آسان تحریر، شاندار ترتیب اور مفید مشقیں اس سلسلے کی نمایاں خصوصیات ہیں۔ اللہ پاک کی رحمت سے اُمید ہے کہ اسلامیات کی درسی کتابوں کا یہ سلسلہ راہِ اسلام معاشرے کو باشعور و باعمل مسلمان فراہم کرنے میں معاون ثابت ہوگا۔










Dar-ul-Madinah International University Press

9 789696 910299

دارالمدینہ (ہیڈ آفس)
دارالمدینہ انٹرنیشنل ایجوکیشنل سیکریٹیریٹ، پلاٹ نمبر 171، بلاک 13/A، نزد گیلانی مسجد، گلشنِ اقبال، کراچی، پاکستان۔
فون نمبر: 34990226-21-92+ موبائل نمبر: 2626037-313-92+
ای میل: sales@darulmadinah.net ویب سائٹ: www.dmiup.com